کئے ہیں، اس فہرست میں اڈیٹر برہان کا نام بھی شامل ہے، ہر چند کہ اپنا تصنیف و تالیف اور تحریر و کتابت کا کام جتنا اور جیسا کچھ بھی ہے خلوص اور دل کی لگن کے ساتھ ہے اور اس میں ستائش کی تمنا اور صلہ کی پروا کو ذرا دخل نہیں تاہم قدردانی اور تحسین جس طرف سے اور جس شکل میں بھی ہو بہرحال شکریہ کی مستحق ہے۔ اس لئے راقم اڈمنسٹریشن کا شکر گذار ہے اور جن دوستوں نے مبارکباد کے پیغام بھیجے ہیں اُن کا بھی!

افسوس ہے سفر پاکستان اور سیرت کانفرنس کے لئے انگریزی میں "اسلام میں سماجی انصاف" کے زیر عنوان مقالہ لکھنے کے باعث جو پشاور کے سشن میں پڑھا گیا غزوات کی قسط نہ مارچ میں آسکی اور نہ اس اشاعت میں شریک ہو سکی، خدا کو منظور ہوا تو مئی کے پرچہ میں اس کی تلافی کر دی جائے گی۔

حیات مولانا عبدالحیؒ

مؤلفہ: جناب مولانا سید ابوالحسن علی ندوی

سابق ناظم ندوۃ العلماء جناب مولانا حکیم عبدالحیؒ حسنی صاحبؒ کے سوانح حیات علمی و دینی کمالات و خدمات کا تذکرہ اور ان کی عربی و اردو تصانیف پر تبصرہ آخر میں مولانا کے فرزند اکبر جناب حکیم سید عبدالعلیؒ کے مختصر حالات بیان کئے گئے ہیں۔

کتابت وطباعت معیاری، تقطیع متوسط ۲۰×۲۶/۸، قیمت ۵۰/۱۲ مجلد

ندوۃ المصنفین، اردو بازار جامع مسجد دہلی